More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

سبق نمبر: ۷

# شہیدِ پاکستان

**سوال نمبر:(۱) درج ذیل سوالات کے جوابات دیجئے۔**

**(الف) حکیم محمد سعید نے طِب کی تعلیم کس کالج سے حاصل کی؟**

جواب: حکیم محمد سعید نے طِب کی تعلیم دہلی میں اپنے وقت کے معروف "حکیم اجمل خان" کے قائم کردہ طبی کالج سے حاصل کی۔

**(ب) تعلیم کے میدان میں حکیم محمد سعید صاحب کا سب سے بڑا کارنامہ کیا ہے؟**

جواب: تعلیم کے میدان میں حکیم محمد سعید کا سب سے بڑا کارنامہ "مدینۃ الحکمت کا قیام" ہے۔ جو بنیادی تعلیم سے لے کر یونیورسٹی تک کے طلبا و طالبات کو علم سے سرفراز کر رہا ہے۔ جبکہ طبیہ کالج بھی اس کا ایک اہم حصہ ہے۔ جبکہ ایم بی بی ایس ڈاکٹرز کے لئے میڈیکل کالج بھی جدید سہولیات کے ساتھ موجود ہے۔

**(ج) بچوں کی تربیت کے لئے انہوں نے کیا کیا کام کیے۔**

جواب: حکیم محمد سعید کو بچوں سے بہت محبت تھی۔ انہوں نے بچوں کی تعلیم اور تربیت کے لئے بہت سے کام کیے۔ بچوں کے رسالے "نونہال" کا اجراء، بچوں کے لئے کتابیں شائع کرنے کے لئے اشاعتی ادارہ "نونہال ادب" اور "ہمدرد پبلک اسکول" کا قیام اُن کی بچوں سے محبت اور انکی تعلیم اور تربیت سے دلچسپی کا مظہر ہے۔

**(د) حکیم محمد سعید شہید کی زندگی کا اوّلین مقصد کیا تھا؟**

جواب: حکیم محمد سعید کی زندگی کا اوّلین مقصد خدمتِ خلق تھا۔ وہ ہر قسم کے تعصب کو ختم کر کے تمام پاکستانیوں میں اتحاد اور اتفاق پیدا کرنا چاہتے تھے۔

www.Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

(ہ) حکیم سعید شہید کا نعرہ کیا تھا؟

جواب: حکیم سعید کا نعرہ تھا ''پاکستان سے محبت کرو'' ''پاکستان کی تعمیر کرو''۔

سوال نمبر: (۲) درج ذیل الفاظ اور تراکیب کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے۔

| الفاظ و تراکیب | جملے |
|---|---|
| مطب | حکیم سعید نے ابتداً میں ایک چھوٹے سے کمرے میں ''مطب'' قائم کیا۔ |
| نونہال | ہمدرد کا رسالہ ''نونہال'' بچوں میں بہت مقبول ہے۔ |
| طور طریقے | مسلمانوں کو اخلاقی طور پر اسلامی طور طریقے اپنانے چاہئیں۔ |
| مشرقی طِب | مدینۃ الحکمت میں مشرقی طب کی تعلیم بھی دی جاتی ہے۔ |
| بے لوث | حکیم محمد سعید نے پاکستان اور پاکستانیوں کی بے لوث خدمت کی۔ |
| معیاری تعلیم | ہمدرد پبلک اسکول میں بچوں کو معیاری تعلیم دی جاتی ہے۔ |

سوال نمبر: (۳) مندرجہ ذیل دُرست جوابات پر صحیح کا نشان (✓) لگائیے۔

(الف) حکیم محمد سعید شہید کو قائدِ اعظم سے تھی:

(۱) اُمید (۲) **عقیدت** (۳) چاہت (۴) توقع

(ب) حکیم محمد سید شہید نے بچوں کا رسالہ شائع کیا:

(۱) تعلیم و تربیت (۲) **نونہال** (۳) تعلیم اسلام (۴) نونہال اَدَب

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

(ج) حکیم محمد سعید شہید کو حکومت نے اُن کی شہادت پر اعزاز دیا۔

(۱) ستارۂ امتیاز (۲) ستارۂ خدمت (۳) نشانِ امتیاز

(۴) نشانِ حیدر

(د) حکیم محمد سعید نے بچوں کو جمہوری طریقے سکھانے کے لئے سلسلہ شروع کیا:

(۱) ہمدرد پبلک اسکول (۲) نونہال رسالے کا (۳) نونہال اسمبلی کا

(۴) نونہال ادب کا

**سوال نمبر:(۴) درج ذیل جملوں کو دُرست کر کے لکھیے۔**

(الف) آپ دہلی میں قائد اعظم کے گھر جایا کرتے تھے۔

(ب) لیکن انہوں نے ہمت نہ ہاری۔

(ج) انہوں نے بیماریوں سے نجات دلانے کے لئے رات دِن محنت کی۔

(د) کل مجھے کراچی جانا ہے۔

**سوال نمبر:(۵) مندرجہ ذیل الفاظ پر لُغت کی مدد سے اعراب لگائیے۔**

عَزْم۔ صِحّت۔ وَقْف۔ حِفْظ۔ اِمْتِیاز۔ اِطْلاق۔ اِنْصِرام۔ جَمْہُورِی

**سوال نمبر:(۶) درج ذیل دونوں جملوں میں استعمال ہونے والے الفاظ "نونہال" اور "نونہالوں" کا معنوی فرق بتائیں۔**

(۱) حکیم محمد سعید نے بچوں کا رسالہ "نونہال" شائع کیا۔

جواب: مندرجہ بالا جملے میں لفظ "نونہال" واحد اِسم کے طور پر آیا ہے۔ یہ ایک رسالے کا نام ہے۔

(۲) "نونہالوں" کو جمہوری طور طریقے سکھانے کے لئے "نونہال اسمبلی" کا سلسلہ شروع کیا۔

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

جواب: مندرجہ بالا جملے میں لفظ "نونہالوں" اسم جمع کے طور پر استعمال ہوا ہے۔
اس سے مُراد "چھوٹے بچے" ہے۔ نونہال اسمبلی کا مطلب بچوں کا اجتماع۔

سوال نمبر: (۷) درج ذیل لفظوں کو مختلف معنوں کے لحاظ سے اپنے جملوں میں استعمال کیجئے۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| میں | میں اپنے وطن کے لئے ہر قربانی دینے کو تیار ہوں۔ |
| میں | انسانی فطرت میں "میں" عنصر تکبُّر کی نشانی ہے۔ |
| ہمدرد | حکیم سعید ایک ہمدرد انسان تھے۔ |
| ہمدرد | حکیم سعید نے "ہمدرد مطب" قائم کیا۔ |
| جنگ | دوسری عالمی جنگ میں جاپان کے شہروں پر ایٹم بم گرائے گئے۔ |
| جنگ | "روزنامہ جنگ" ایک مشہور اخبار ہے۔ |
| جملہ | جملہ بولنے سے پہلے سوچ لینا چاہئے۔ |
| جملہ | جملہ حاضرین سے درخواست ہے کہ کھڑے ہو جائیں۔ |
| بس | ہماری بسیں فٹنس کے معیار پر پوری نہیں اُترتیں۔ |
| بس | اگر میرے بس میں ہو تو تمام کرپٹ لوگوں کو پھانسی دے دوں۔ |
| سواری | مجھے ہاتھی کی سواری کرنے کا بہت شوق ہے۔ |
| سواری | رات بارہ بجے کے بعد سواری ملنا مشکل ہو جاتا ہے۔ |

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com



www.Perfect24u.com

Perfect24u.com